# بڑی آنت کے کینسر کی جانچ کب کروائی جائے

**جانچ بڑی آنت کے کینسر (جسے کلوریکٹل کینسر بھی کہا جاتا ہے) سے بچاؤ یا اس کی جلد تشخیص کا ایک بہترین طریقہ ہے جب اس کا علاج زیادہ مؤثر طریقے سے ممکن ہو۔**

جانچ عام طور پر 45 سال کی عمر میں شروع ہوتی ہے اور کم از کم 75 سال کی عمر تک جاری رہتی ہے۔

جانچ کے عام اختیارات میں درج ذیل شامل ہیں:

- ہر 10 سال بعد ایک **کولونوسکوپی**
- ہر ایک سے تین سال بعد **پاخانے پر مبنی ٹیسٹ**، جس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کس قسم کا ٹیسٹ کرواتے ہیں

## کیا مجھے جانچ جلد شروع کرنے کی ضرورت ہے؟

کچھ لوگوں میں بڑی آنت کا کینسر ہونے کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے اور انہیں 45 سال کی عمر سے پہلے جانچ شروع کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ پر درج ذیل میں سے کسی بھی بات کا اطلاق ہوتا ہے، تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں کہ جانچ کب شروع کرنی ہے، کون سا ٹیسٹ کروانا ہے اور کتنے وقفے سے جانچ کروانی ہے:

- آپ کو یا خاندان کے کسی فرد کو بڑی آنت کا کینسر یا پولیپس
- السریٹو کولائٹس یا کروہن کی بیماری
- کوئی موروثی مرض جیسے کہ فیمیلیل ایڈینو میٹس پولیپوسس یا لنچ سنڈروم
- سسٹک فائبروسس
- 40 سال کی عمر سے پہلے کسی بھی کینسر کا علاج

**اگر صحت کی صورتحال میں کوئی تبدیلی آئے تو اپنے فراہم کنندہ کو مطلع کریں۔**

# بڑی آنت کے کینسر کی علامات کیا ہیں؟

جانچ کسی بیماری کی جانچ کا وہ طریقہ ہے جب آپ میں کوئی ظاہری علامات موجود نہ ہوں۔ **اگر آپ کو ان میں سے کوئی بھی علامات ہوں تو اپنے فراہم کنندہ سے رجوع کریں۔ اپنی اگلی جانچ کا انتظار نہ کریں۔**

ان علامات کا مطلب ہمیشہ یہ نہیں ہوتا کہ آپ کو کینسر ہی ہے۔ آپ کا فراہم کنندہ یہ معلوم کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے کہ کیا مسئلہ ہے۔

- پاخانے میں خون آنا یا رفع حاجت کے بعد ٹوائلٹ میں خون نظر آنا
- پاخانے کا رنگ گہرا سرخ یا سیاہ ہونا
- اسہال یا قبض جو ٹھیک نہ ہو رہی ہو
- پاخانے کی ساخت میں تبدیلی آنا
- یہ احساس ہونا کہ پیٹ مکمل طور پر صاف نہیں ہوا ہے
- پیٹ میں ایسا درد جو بار بار ہو یا ختم نہ ہو رہا ہو
- بھوک میں کمی یا بغیر کسی وجہ کے وزن کا کم ہونا
- غیر معمولی تھکن یا کمزوری محسوس کرنا

مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health/coloncancer** ملاحظہ کریں۔